آرتھرائٹس کے مریضوں کے لئے معلوماتی کتابچہ

جوڑوں کے درد کی دوائی: ایٹینارسیپٹ : ETANERCEPT

اینٹی ٹی این ایف دوائیاں کیا ہیں؟

ETANERCEPT جو بازار میں اینبریل (ENBREL) کے نام سے دستیاب ہے دوائیوں کی وہ قسم ہے جسے اینٹی ٹی این ایف کہتے ہیں۔ وہ لوگ جنہیں RHEUMATOID ARTHRITIS کا مرض ہے اُن میں ایک پروٹین جسے ٹی این ایف TNF کہتے ہیں وافر مقدار میں جوڑوں اور خون میں موجود ہوتی ہے جہاں یہ سوجن کرتی ہے۔ اینٹی ٹی این ایف دوائیاں یہ اثر روک کر سوجن کم کرسکتی ہیں۔ اِس طرح یہ دوائی وہ لوگ جنہیں ACTIVE RHEUMATOID ARTHRITIS ہے میں کارآمد ہے۔

دوائی کیوں دی جارہی ہے؟

RHEUMATOID ARTHRITIS کے مریضوں کے لئے یہ دوائی حال ہی میں دستیاب ہوئی ہے۔ یہ صرف اُس صورت میں دی جاتی ہے اگر آپ کو ACTIVE RHEUMATOID ARTHRITIS ہے اور آپ METHOTREXATE پہلے استعمال کرچکے ہیں اور دوسری دوائیاں جیسے سلفاسیلازین (SULPHASALAZINE) گولڈ (GOLD) کے ٹیکے اور PENICILLAMINE بھی استعمال کرچکے ہیں۔ یہ اُس صورت میں بھی دی جاسکتی ہے اگر باقی دوائیاں برداشت نہ ہوسکیں۔ ETANERCEPT صرف جوڑوں کے درد کا کنسلٹنٹ ہی دے سکتا ہے۔

ETANERCEPT مندرجہ ذیل صورتوں میں نہیں دی جاتی

* آپ کو ACTIVE RHEUMATOID ARTHRITIS نہیں ہے
* آپ نے پہلے درجہ کا معیاری علاج نہیں استعمال کیا
* آپ حاملہ ہیں یا بچہ کو دودھ پلارہی ہیں
* آپ بیمار ہیں

آپ کا ڈاکٹر آپ کو ETANERCEPT ہوسکتا ہے مندرجہ ذیل صورتوں میں نہ دے

* آپ کو ماضی میں ٹی بی تھی
* آپ کو دوسری بیماریاں مسلسل ہورہی ہیں
* آپ کو MULTIPLE SCLEROSIS ہے
* آپ کو سرطان ہے

کب اور کیسے دوائی استعمال کروں؟

ETANERCEPT انسولین (INSULIN) کے ٹیکوں کی طرح جلد کے نیچے ہفتے میں دومرتبہ دیئے جاتے ہیں۔ آپ یا خاندان کا کوئی فرد بھی ٹیکہ لگانا سیکھ سکتا ہے۔ اگر یہ ممکن نہیں تو جوڑوں کے درد کی نرس یا ڈسٹرکٹ نرس بھی ٹیکہ لگاسکتی ہے۔

کب بہتر محسوس کروں گا؟

اگر ETANERCEPT آپ پر اثر کرتی ہے تو آپ دو سے بارہ ہفتوں میں بہتر محسوس کریں گے۔

مضر اثرات کیا ہوسکتے ہیں؟

ETANERCEPT نزلہ، سردرد، چکر، RASH، پیٹ میں درد، بدہضمی کرسکتی ہے۔ آپ کو ٹیکہ والی جگہ پر سوجن بھی ہوسکتی ہے۔ ETANERCEPT استعمال کرنے سے بعض اوقات خون کے خلیے پر اثر پڑسکتا ہے۔ جیسے خلیوں کی مقدار کا کم ہونا اور اس سے بیماری کا زیادہ خطرہ ہوسکتا ہے۔ اگر آپ کا گلہ خراب ہے، بخار ہے، بلاوجہ جسم پر دھبے پڑ جائیں، خون کا اخراج ہو یا رنگ پیلا پڑ جائے یا کوئی بھی نئے اثرات نمایاں ہوں تو اپنے ڈاکٹر یا جوڑوں کے درد کی نرس سے فوراً رابطہ کریں۔

کبھی کبھار کچھ لوگوں کو ETANERCEPT سے الرجی ہوتی ہے۔ اگر ایسا ہو تو دوائی بند کرنی پڑے گی۔ چونکہ یہ دوائی نئی ہے اس لئے اس کے دورس مضر اثرات ابھی معلوم نہیں۔

مجھے کوئی مخصوص ٹیسٹ کی ضرورت تو نہیں؟

علاج شروع کرنے سے پہلے آپ کی چھاتی کا ایکسرے اور خون کا ٹیسٹ کروایا جائے گا اور پھر ETANERCEPT کے نتائج دیکھنے کے لئے کچھ اور خون کے ٹیسٹ کروائے جائیں گے۔

کیا میں ویکسین لگوا سکتا ہوں؟

جب آپ ETANERCEPT لے رہے ہیں تو آپ کو کوئی LIVE VACCINE جیسے پولیو، رُبیلا یا YELLOW FEVER نہیں لگوانی چاہیے۔ INACTIVATED پولیو کی ویکسین LIVE VACCINE کی جگہ دی جا سکتی ہے اور آپ کے گھر کے افراد کو INACTIVATED ویکسین دینی چاہیے۔ اگر آپ کے گھر میں بچے یا جوان جنہوں نے پولیو کی ویکسین لگوائی ہو تو آپ کم از کم چار سے چھ ہفتے اُن سے ملنے سے اجتناب کریں۔ فلو VACCINE اور PNEUMOVAX کی ویکسین بھی لگوانی چاہیے۔

کیا میں دوسری دوائیاں بھی استعمال کر سکتا ہوں؟

ETANERCEPT دوسری دوائیوں کے ساتھ بھی استعمال کی جا سکتی ہے جن میں METHOTREXATE بھی شامل ہے۔ اگر آپ METHOTREXATE لے رہے ہیں تو NSAIDs لیتے وقت خاص احتیاط کی ضرورت ہے۔ آپ یہ دوائی صرف اُس صورت میں استعمال کر سکتے ہیں اگر آپ کو ڈاکٹر کہے۔ جب بھی کوئی نئی دوائی استعمال کریں تو اپنے ڈاکٹر سے ضرور مشورہ کریں اور اُس کو ضرور بتائیں کہ آپ ETANERCEPT استعمال کر رہے ہیں۔ ETANERCEPT درد کی دوائی نہیں ہے اس لئے اگر آپ درد کی دوائی لے رہے ہیں تو وہ جاری رکھیں جب تک کہ آپ کا ڈاکٹر آپ کو منع نہ کرے۔ جو دوائیاں بازار میں عام دستیاب ہیں اُن کا استعمال اپنے ڈاکٹر، دواساز یا جوڑوں کے درد کی ماہر نرس کے مشورہ کے بغیر استعمال نہ کریں۔

کیا میں ETANERCEPT کے ساتھ شراب پی سکتا ہوں؟

ETANERCEPT کے ساتھ آپ شراب پی سکتے ہیں۔ البتہ اگر آپ METHOTREXATE ساتھ لے رہے ہیں تو شراب کم مقدار میں لیں۔ کیونکہ دونوں چیزیں آپ کے جگر کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔

اگر میں حاملہ ہونا چاہوں تو؟

ماں کے پیٹ میں ETANERCEPT کا اثر بچہ پر کوئی نہیں جانتا، اس لئے جو عورتیں بچہ پیدا کرنے کی عمر میں ہیں اُنہیں مانع حمل ادویات استعمال کرنی چاہیے۔ اگر آپ مستقبل قریب میں حاملہ ہونا چاہتی ہیں یا مانع حمل ادویات استعمال نہیں کر رہی تو ETANERCEPT نہ استعمال کریں۔

بچے کو دودھ پلا سکتی ہوں؟

چونکہ یہ دوائی ماں کے دودھ میں جا سکتی ہے اور کسی کو بچے پر اثر معلوم نہیں اس لئے اگر آپ ETANERCEPT استعمال کر رہی ہیں تو بچے کو دودھ نہ پلائیں۔

کیا ETANERCEPT اور بیماریوں کے لئے بھی استعمال ہوتی ہے؟

ETANERCEPT بچوں میں SEVERE JUVENILE IDIOPATHIC ARTHRITIS میں استعمال ہوتی ہے جن پر METHOTREXATE کا علاج نہ اثر کرے۔ یہ اس کے علاوہ PSORIATIC ARTHRITIS اور ANKYLOSING SPONDYLITIS میں بھی استعمال ہوتی ہے۔

مزید معلومات کہاں سے حاصل کروں؟

اگر آپ کو ETANERCEPT کے متعلق مزید معلومات چاہئے یا کسی بات پر تشویش ہو تو اپنے ڈاکٹر، دواساز یا جوڑوں کے درد کی ماہر نرس سے رابطہ کریں۔

تمام دوائیں بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں